سوال

(670)کیا یہ شرط ہے کہ خطیب ہی نماز پڑھائے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا یہ شرط ہے کہ جو شخص جمعہ کا خطبہ دے نماز بھی وہی پڑھائے

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جمہور اہل علم کا مذہب یہ ہے کہ یہ شرط نہیں ہے کہ خطیب ہی جمعہ پڑھائے کیونکہ اس سلسلہ میں کوئی ایسی دلیل وارد نہیں ہے کہ جس کی پابندی کی جائے ہاں البتہ مالکیہ نے اس کی مخالفت کرتے ہوئے یہ شرط قرار دی ہے کہ خطیب ہی نماز جمعہ کی امامت کروائے ان کی دلیل یہ ہے کہ خطبہ نماز ہی کے ساتھ منسلک ہے لہذا کسی عذر کے بغیر قصد وارادہ سے اسے دو اماموں میں تقسیم نہیں کرنا چاہیئے وباللہ التوفیق ۔ (فتوی کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد 1

صفحہ نمبر 528

محدث فتویٰ